**SHB/ ADL**

**26.03.2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے سنگاپور کے وزیر اعظم Lee Hsien Loong سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت، بحر الکاہل اور مغربی ایشیا پر اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔

2 بھارتی ساحلی محافظ دستے نے پور بندر سے تقریباً 50 کلو میٹر وسط سمندر میں بھارتی ماہی گیری کی ایک ڈوبتی ہوئی کشتی سے پانچ ماہی گیروں کو بچا یا ہے۔

3 ایشیا پیسفک اکنامک کوآپریشن کلائمیٹ سینٹر کے مطابق مانسون سیزن کے نقطۂ عروج کے دوران اِس سال جولائی سے ستمبر تک معمول سے زیادہ بارش ہونے کا امکان ہے۔

4 جموں کشمیر میں سالانہ امرناتھ یاترا کی تیاریاں شروع ہوگئی ہیں۔ جموں ڈویژن کے سدس اضلاع میں ضروری صحت سرٹیفکیٹس جاری کئے جائیں گے۔

5 اور IPL کرکٹ میں
رائل چیلنجرس بینگلورو نے پنجاب کنگس کو چار وکٹ سے ہرا دیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Jaishankar - Singapore

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل سنگاپور کے وزیر اعظم Lee Hsien Loong سے ملاقات کی۔ میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے بھارت، بحر الکاہل اور مغربی ایشیا پر اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت کے تعلقات سے متعلق اُن کے مثبت خیالات، ہمارے تعلقات کے لیے ہمیشہ ہی قوت کا ایک وسیلہ رہے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ بھارت دنیا کی موجودہ صورتحال سے متعلق سنگاپور کے وزیراعظم کے نظریات کی قدر کرتا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر سنگاپور کے تین روزہ دورے پر ہیں۔

اِس سے پہلے وزیر خارجہ نے سنگاپور کے خارجی امور کے وزیر Vivian Balakrishnan سے بھی ملاقات کی۔

میٹنگ کے دوران طرفین نے بھارت اور سنگاپور کے باہمی تعاون کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔×

Janardhana Reddy BJP

کرناٹک میں KRPP لیڈر جی جناردھن ریڈی نے کل اپنی پارٹی بھارتیہ جنتا پارٹی میں ضم کر دی اور اگلے لوک سبھا انتخابات کیلئے اپنی اہلیہ سمیت دوبارہ BJP میں شامل ہوگئے ہیں۔جناب ریڈی نے کہا کہ وہ پارٹی میں بغیر کسی شرط کے شامل ہوئے ہیں اور وہ کسی

عہدے کے خواہشمند نہیں ہیں۔

Cong Sixth List

کانگریس نے آئندہ لوک سبھا انتخابات کے لیے پانچ امیدواروں کی ایک فہرست جاری کی ہے۔ راجستھان میں، پرہلاد گنجال کوٹہ سے، رام چندر چودھری اجمیر سے جبکہ سدرشن راوت Rajsamand حلقوں سے انتخاب لڑیں گے۔ پارٹی نے وکیل سی رابرٹ گرس کو تمل ناڈو کے Tirunelveli سے چناؤ میدان میں اتارا ہے۔×

NCW BJP Shrinate

خواتین سے متعلق قومی کمیشن NCW نے Supriya Shrinate کے خلاف بھارتیہ جنتا پارٹی کی امیدوار کنگنا رنوت پر اُن کے قابل اعتراض پوسٹ پر انتخابی کمشنر سے ایک شکایت درج کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں NCW نے بتایا ہے کہ کانگریس لیڈر کے ذریعے اِس طرح کا نازیبا تبصرہ ناقابل برداشت ہے اور یہ خواتین کے وقار کے خلاف ہے۔ خواتین سے متعلق قومی کمیشن Supriya Shrinate اور ایچ ایس اہیر کی نازیبا بیان بازی سے پریشان ہے جنھوں نے سوشل میڈیا پر کنگنا رنوت کے بارے میں نازیبا تبصرے کئے۔ NCW کی چیئر پرسن ریکھا شرما نے بھارت کے انتخابی کمشنر کو ایک خط بھیجا ہے جس میں اُن کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

انہوں نے کہا ہے کہ ہمیں سبھی خواتین کی عزت اور احترام کرنا چاہیئے۔

UP-State Profile

ملک میں سات مرحلوں میں ہونے والے لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن جاری کیا جاچکا ہے۔ پچھلے لوک سبھا انتخابات کی طرح اِس مرتبہ بھی اترپردیش میں انتخابات مغربی اترپردیش سے شروع ہورہے ہیں۔

**پیش ہے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ**

**V/C - OM Awasthi**

**پہلے مرحلے کے تحت اترپردیش میں سہارنپور، کیرانہ، مظفرنگر، بجنور، نگینہ، مرادآباد، رام پور اور پیلی بھیت پر مشتمل 8 لوک سبھا سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِن میں سے 7 سیٹیں عام زمرے کے ہیں، جبکہ بجنور سیٹ درج فہرست ذاتوں کیلئے مخصوص ہے۔ پہلے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل جاری ہے۔ پرچے بھرنے کی آخری تاریخ 27 مارچ ہے۔ 28 مارچ کو کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال کی جائے گی، جبکہ 30 مارچ تک امیدوار اپنے نام واپس لے سکتے ہیں۔ پہلے مرحلے کے 8 پارلیمانی حلقوں میں ایک کروڑ 43 لاکھ رائے دہندگان ہیں۔ اِس مرحلے کی پولنگ کیلئے 7 ہزار سے زیادہ پولنگ مراکز اور 14 ہزار 842 پولنگ بوتھ قائم کئے گئے ہیں۔ اِن سیٹوں کیلئے 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔**

**2019 کے پچھلے لوک سبھا انتخابات میں اِن 8 سیٹوں میں سے BJP نے 3 سیٹیں حاصل کی تھیں۔ یہ سیٹیں کیرانہ، مظفرنگر اور پیلی بھیت ہیں۔ بہوجن سماج پارٹی نے بھی سہارنپور، بجنور اور نگینہ پر مشتمل تین سیٹیں جیتی تھیں، جبکہ سماج وادی پارٹی نے مرادآباد اور رامپور سیٹ**

**پر جیت حاصل کی تھی۔ تاہم رامپور لوک سبھا سیٹ پر ہوئے ضمنی چناؤ میں یہ سیٹ بھی BJP کے پاس چلی گئی۔**
**پچھلے انتخابات میں سماجوادی پارٹی، بہوجن سماج پارٹی اور راشٹریہ لوک دَل نے مل کر چناؤ لڑا تھا اور اِن 8 سیٹوں میں سے 5 سیٹیں جیتی تھیں۔ اِس مرتبہ راشٹریہ لوک دَل BJP کے ساتھ ہے، جبکہ سماجوادی پارٹی اور کانگریس ساتھ ملکر چناؤ لڑرہی ہیں۔ البتہ BSP نے اکیلے چناؤ لڑنے کا اعلان کیا ہے۔**
**لکھنؤ سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں فہیم احمد۔**

ICG Rescue'

بھارتی ساحلی محافظ دستے ICG نے پوربندر سے تقریباً 50 کلومیٹر دور بیچ سمندر میں ڈوب رہی بھارتی ماہی گیر کشتی سے پانچ ماہی گیروں کو بچالیا ہے۔ ICG نے یہ کارروائی ماہی گیر کشتی سے مدد کی اپیل موصول ہونے کے بعد انجام دی۔ بھارتی ساحلی محافظ دستے کا جہاز آئی سی جی C-16 نہایت مختصر وقت میں ماہی گیر کشتی تک پہنچا اور بچاؤ اور امدادی مشن شروع کیا۔
ماہی گیر کشتی میں 75 فیصد پانی پہلے ہی بھر چکا تھا۔ یہ کشتی پوربندر سے 12 کلومیٹر دور سمندر میں ڈوب گئی۔ ICG کے جہاز نے عملے کے تمام پانچ افراد کو بچا لیا اور انھیں طبی امداد فراہم کی۔
اِس سے پہلے 20 مارچ کو بھی بھارتی ساحلی محافظ دستے ICG نے کرناٹک کے Kundapura ساحل سے دور سمندر میں مشکل میں پھنسے ہونے کی کال موصول ہونے کے بعد ڈوبتی ہوئی کشتی سے عملے کے 8 افراد کو بچانے کی کارروائی انجام دی تھی۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

APCC-Indian Climate

ایشیا-بحرالکاہل اقتصادی تعاون APCC کے موسمیاتی مرکز نے پیشگوئی کی ہے کہ بھارت کے مانسون سیزن کے نقطۂ عروج کے دوران اِس سال جولائی سے ستمبر تک معمول سے زیادہ بارش ہونے کا امکان ہے۔ APCC نے اِس سال کیلئے ملک میں مانسون سے متعلق پہلی پیشگوئی جاری کی ہے۔ مذکورہ سینٹر نے دو الگ الگ اندازے لگائے ہیں۔ ایک اندازہ اپریل سے جون تک کیلئے اور دوسرا اندازہ جولائی سے ستمبر کیلئے ہے۔×

IMD - Rainfall

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ آج اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کے دفتر نے بتایا ہے کہ آج ناگالینڈ، منی پور، میزورم ، تریپورہ، سکم ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور گنگا کے علاقے والے مغربی بنگال میں ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔
ہم نے IMD کے سائنسداں آر کے جینا منی سے بات کی۔

SB- RK Jenamani

J&k AMARNATH YATRA

جموں کشمیر میں سالانہ امرناتھ یاترا کے لئے تیاریاں شروع ہوگئی ہیں کیونکہ مخصوص تاریخ سے اپنے سفر کا آغاز کرنے کیلئے عقیدتمندوں کو جموں ڈویژن کے دس اضلاع میں صحت سے متعلق سرٹیفکیٹس دستیاب کرائے جارہے ہیں۔ پورے خطے میں صحت مراکز سے Compulsory Health Certificates جاری کرنے کیلئے کُل 112 ڈاکٹروں کو نامزد کیا گیا ہے جو کہ پہلے سے مسافروں کے رجسٹریشن کی ایک شرط ہے۔ شری امرناتھ شرائن بورڈ نے اِس بات کا اشارہ دیا ہے کہ یاترا شروع ہونے کی ممکنہ تاریخ 29 جون ہوگی۔ مسافروں کے رجسٹریشن کی حتمی تاریخ آئندہ دنوں میں عام کی جائے گی۔ مسافروں کے رجسٹریشن کیلئے 15 مارچ سے جاری کئے گئے صحت سے متعلق سرٹیفکیٹس کو روایتی طور پر مجاز خیال کیا جائے گا۔

حالانکہ پچھلے سال رجسٹریشن کا عمل اپریل کے وسط میں شروع کیا گیا تھا۔ جموں کے صحت سے متعلق ڈائرکٹوریٹ نے نامزد کئے گئے ڈاکٹروں کی تفصیلات حکومت کو سونپ دی ہے اور جلد ہی یہ شرائن بورڈ کی ویب سائٹ پر دستیاب ہوگی۔

Bihar Holi

رنگوں کا تہوار ہولی آج بہار کے مختلف حصوں میں منایا جارہا ہے۔ صبح سے ہی نوجوانوں اور نو عمر لوگوں کے گروپس رنگوں کے اِس تہوار کو منانے میں مصروف ہیں۔

***ایک رپورٹ***

**VC- Dharmdnera**

***رنگوں کا تہوار ہولی، مگدھ، سارن، Tirhut خطوں سمیت ریاست کے مختلف حصوں میں آج منایا جارہا ہے۔ مدھوبنی، دربھنگہ اور شمالی بہار کے دیگر حصوں میں یہ تہوار کل بھی منایا گیا تھا۔ دیہی علاقوں میں لوک گیت گانے کی روایت ہے اور لوگ اِن گانوں کی دُھن اور دیگر فلمی گانوں کی دُھن پر تہوار کا مزہ لے رہے ہیں۔***

***پٹنہ سے دھرمیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں فہیم احمد۔***

UNSC-Gaza

اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل نے امریکہ کے ذریعے اپنے سابقہ موقف سے ہٹ کر غزہ میں فوری جنگ بندی کی نئی قرار داد کو ویٹو نہیں کرنے کے بعد غزہ میں فوری جنگ بندی کا مطالبہ کیا ہے۔ اُس نے یرغمال بنائے گئے تمام افراد کی فوری اور غیر مشروط رہائی کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ اکتوبر میں شروع ہونے والی جنگ کے بعد کئی ناکام کوششوں کے بعد یہ پہلا موقع ہے جب سلامتی کونسل نے جنگ بندی کا مطالبہ کیا ہے۔ امریکہ کا یہ اقدام اسرائیل کی جارحیت پر اُس کے اور اُس کے اتحادی اسرائیل کے درمیان بڑھتے ہوئے اختلافات کا اشارہ ہے۔ غیر معمولی طور پر سخت سرزنش کرتے ہوئے اسرائیل کے وزیر اعظم نتن یاہو کے دفتر سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ امریکہ نے اپنے اُس سابقہ موقف کو ترک کردیا ہے، جس کا براہِ راست یرغمالیوں کی رہائی سے جنگ بندی کا تعلق تھا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ افسوس کی بات ہے کہ امریکہ نے نئی قرار داد کو ویٹو نہیں کیا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ اِس سے یرغمالیوں کی رہائی کی کوششوں کو نقصان پہنچا ہے اور حماس کو یہ امید ہوگئی ہے کہ وہ یرغمالیوں کو آزاد کئے گئے بغیر جنگ بندی کے حصول کیلئے اسرائیل پر بین الاقوامی دباؤ کا استعمال کرسکتی ہے۔ اِس بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ جناب نتن یاہو نے واشنگٹن میں اسرائیلی وفد اور امریکی حکام کے درمیان اِس ہفتے ہونے والی میٹنگوں کو منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسرائیل کے وزیر دفاع نے کہا ہے کہ اسرائیل غزہ میں جنگ

کو نہیں روکے گا، کیونکہ غزہ میں اب بھی یرغمال بنائے گئے اسرائیلی افراد موجود ہیں۔×

## Sama Against Separatists

علیحدگی پسند رہنما شبیر احمد شاہ کی بیٹی سمع شبیر شاہ اور حریت لیڈر مرحوم سید علی شاہ گیلانی کی پوتی Ruwa شاہ نے مقامی اخبارات میں علیحدگی پسند نظریے سے دوری اختیار کرتے ہوئے یکساں نوٹسز شائع کرائے ہیں۔ پچھلے ہفتے شائع نوٹسز میں علیحدگی پسند رہنماؤں کے خاندان سے تعلق رکھنے والی دونوں خواتین نے زور دے کر کہا ہے کہ وہ بھارت کی وفادار شہری ہیں اور کسی ایسی تنظیم سے وابستہ نہیں ہیں، جو ملک کی سالمیت اور اقتدارِ اعلیٰ کے خلاف ہو۔ اپنے نوٹس میں Ruwa شاہ نے کہا کہ اُن کا اپنے دادا سید علی شاہ گیلانی کے ذریعے قائم کردہ حریت کانفرنس سے کوئی تعلق یا وابستگی نہیں ہے۔ Ruwa نے کہا کہ تنظیم کے نظریے کی طرف اُن کا کوئی جھکاؤ یا ہمدردی نہیں ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ وہ بھارت کی وفادار شہری ہیں اور کسی ایسی تنظیم یا انجمن سے وابستہ نہیں ہیں، جس کا ایجنڈہ یونین آف انڈیا کے خلاف ہے۔ انھوں نے کہا کہ وہ اپنے ملک بھارت کے آئین کی وفادار ہیں۔×

## IPL

IPL کرکٹ میں کل رات بینگلورو کے ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرس بینگلورو نے پنجاب کنگس کو 4 وکٹ سے ہرا دیا۔
پنجاب کنگس کی طرف سے 177 رن کا نشانہ حاصل کرتے ہوئے رائل چیلنجرس نے 19 اوورس اور دو گیندوں میں 178 رن بنائے۔ RCB کے لئے وراٹ کوہلی نے سب سے زیادہ 77 رن اور دنیش کارتک نے 28 رن بنائے۔ پنجاب کنگس کیلئے Kagiso Rabada اور Harpreet Brar نے دو دو وکٹ لئے۔
اس سے پہلے رائل چیلنجرس بینگلورو نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔
پنجاب کنگس نے مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ کے نقصان پر 176 رن بنائے۔
کپتان شِکھر دھون نے 37 گیندوں میں سب سے زیادہ 45 رن بنائے جبکہ Glen Maxwell اور محمد سراج نے دو - دو وکٹ لئے۔ وراٹ کوہلی کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔
آج چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں چنئی سپر کنگز اور گجرات ٹائٹنس آمنے سامنے ہوں گے۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔x

## یہ تھیں خبریں۔

## GONG

## PRESS COMMENTS

### اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

### شکریہ -شبانہ

ہولی کی تعطیل کی وجہ سے آج اردو کے اخبارات شائع نہیں ہوئے۔ اس لئے ہندی ، اردو اور انگریزی کی ای-ویب سائٹ پر شائع ہوئی کچھ اہم خبریں پیش کی جارہی ہیں۔ دی بزنس لائن نے اپنے صفحہ اوّل پر ایک تصویر شائع کی ہے جس میں نوی ممبئی میں لوگ ہولی کے تہوار پر رنگوں سے کھیل رہے ہیں اور رقص کررہے ہیں۔ دیگر اخبار نے بھی اس خبر کو اہمیت دی ہے۔دی اسٹیٹس مین لکھتا ہے لوک سبھا انتخابات کے لئے بی جے پی کی پانچویں فہرست میں کنگنا رنوت، ارون گووِل اور نوین جندل کا نام شامل۔ تقریباً سبھی اخبار نے کانگریس کی چھٹی فہرست جاری ہونے کی اپنی پہلی خبر بنایا ہے۔ دینک بھاسکر کے مطابق کانگریس نے لوک سبھا امیدواروں کی چھٹی فہرست جاری کی۔

اخباروں نے اجین کے مہا کالیشور مندر میں بھسم آرتی کے دوران گربھ گرہ میں لگی آگ کی خبر کو بھی اہمیت دی ہے۔ اخبار پنجاب کیسری کی سرخی ہے بینگلورو میں پانی کا بحران۔ پانی کیلئے ترس رہے بینگلورو میں باغبانی اور کار دھونے پر 22 کنبوں پر لگا جرمانہ۔ اخبار انقلاب لکھتا ہے کیجریوال کی پریشانی میں اضافہ، حراست سے جاری سرکاری حکم کی جانچ کا اعلان۔ اخبارات کی کچھ بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں۔

غزہ میں جنگ بندی کی قرارداد سلامتی کونسل میں منظوری

پاپوا نیوگنی میں چھ اعشاریہ 9 کی شدت کا زلزلہ، تین افراد ہلاک، تقریباً ایک ہزار مکانات تباہ۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے سنگاپور کے وزیر اعظم Lee Hsien Loong سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت، بحر الکاہل اور مغربی ایشیا پر اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔

2 بھارتی ساحلی محافظ دستے نے پور بندر سے تقریباً 50 کلو میٹر وسط سمندر میں بھارتی ماہی گیری کی ایک ڈوبتی ہوئی کشتی سے پانچ ماہی گیروں کو بچا یا ہے۔

3 ایشیا پیسفک اکنامک کوآپریشن کلائمیٹ سینٹر کے مطابق مانسون سیزن کے نقطۂ عروج کے دوران اِس سال جولائی سے ستمبر تک معمول سے زیادہ بارش ہونے کا امکان ہے۔

4 جموں کشمیر میں سالانہ امرناتھ یاترا کی تیاریاں شروع ہوگئی ہیں۔ جموں ڈویژن کے سدس اضلاع میں ضروری صحت سرٹیفکیٹس جاری کئے جائیں گے۔

5 اور IPL کرکٹ میں
رائل چیلنجرس بینگلورو نے پنجاب کنگس کو چار وکٹ سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔